# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 07 December-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۷؍دسمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ شمال مشرق کی آٹھ ریاستیں یعنی اَشٹ لکشمی کی علامت: وزیرِ اعظم نریندر مودی کا بیان۔

☆ T.B. یعنی تپ دِق کی بیماری کے خاتمے کیلئے ملک گیر مہم کا آج ہریانہ کے پنچ کُلا سے آغاز۔

☆ قانون ساز اسمبلی کے خصوصی اجلاس کا آج سے آغاز؛ کالی داس کولمبکر کی عبوری اسپیکر کے عہدے پر نامزدگی۔

☆ ندیوں کو جوڑنے والے پروجیکٹ اور گرین ایز جی پر خصوصی توجہ دینے کا وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا تیقن۔

اور۔۔۔☆ بھارت رَتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے 68 ویں مہاپری نروان دِن یعنی برسی پر ملک بھر سے خراجِ عقیدت۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ شمال مشرق کی آٹھ ریاستیں اَشٹ لکشمی کی علامت ہیں۔ وزیرِ اعظم کل نئی دہلی میں اَشٹ لکشمی میلے کا افتتاح کرنے کے بعد مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا:

*’’ ماں لکشمی کو سکھ، آروگیہ اور سمرِدّھی کی دیوی کہا جاتا ہے۔ جب بھی لکشمی کی پوجا ہوتی ہے تو ہم ان کے آٹھ روپوں کو پوجتے ہیں۔ اسی طرح بھارت کے پوروتّر میں آٹھ راجیوں کی اَشٹ لکشمی وِراجمان ہے۔ آج کا بھارت دنیا کو ہیلتھی لائف اسٹائل سے جڑے ہوئے نیوٹریشن سے جڑے ہوئے جو سلیوشن دینا چاہتا ہے اس میں نارتھ ایسٹ کی بڑی بھومیکا ہے۔‘‘*

تین دن چلنے والے اس میلے میں شمالی مشرق کی آٹھ ریاستوں کی ثقافت، کپڑوں کی صنعت، کاریگری، سیاحتی مقامات اور ہونے والی پیداوار سے متعلق نمائش کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

ملک بھر میں T.B. یعنی تپ دِق کی بیماری کے خاتمے کی مہم آج سے شروع ہورہی ہے۔ صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا کی موجودگی میں ہریانہ کے پنچ کُلا سے شروع ہونے والی یہ مہم آئندہ 100 دنوں کے دوران ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے 347 اضلاع میں چلائی جائیگی۔ اس مہم کے دوران TB کے نئے مریضوں کی تلاش کرنے، شدید طور پر متاثرہ ٹی بی کے مریضوں کو جدید علاج کی فراہمی اور غذائیت سے بھرپور خوراک دینے پر زور دیا جائیگا۔ ناندیڑ ضلع کے کلکٹر ابھیجیت راؤت نے اپیل کی ہے کہ ضلع میں اس مہم کو مؤثر طریقے سے نافذ کرنے کیلئے سبھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

***** ***** *****

بھارت کی مرکزی بینک RBI نے فی الحال سود کی شرح کو 6.5 فیصد برقرار رکھا ہے۔ گورنر شکتی کانت داس نے کل بینک کی کریڈٹ پالیسی میٹنگ کے بعد یہ اطلاع دی۔ اس برس ملک کی اقتصادی ترقی کی شرح 6.6 فیصد اور مہنگائی کی شرح 4.8 فیصد رہنے کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ داس نے یہ امکان بھی ظاہر کیا ہے کہ 2025 کی پہلی سہ ماہی میں مہنگائی کی شرح چار فیصد اور دوسری سہ ماہی کے دوران چھ فیصد رہے گی۔

***** ***** *****

بھارتیہ جنتا پارٹی کے رکنِ اسمبلی کالی داس کولمبکر نے کل قانون ساز اسمبلی کے عبوری اسپیکر کا حلف لیا۔ گورنر سی پی رادھا کرشنن نے راج بھون میں کولمبکر کو عہدے اور راز داری کا حلف دلایا۔ کولمبکر آج سے شروع ہونے والے قانون ساز اسمبلی کے تین روزہ خصوصی اجلاس میں 288 نئے چنے گئے اراکین کو حلف دلائیں گے۔ اسمبلی کے سیکریٹریٹ کی جانب سے دی گئی اطلاع کے مطابق گورنر نے آج قانون ساز اسمبلی اور آئندہ 9 دسمبر کو قانون ساز کاؤنسل کا اجلاس طلب کیا ہے۔ یہ اجلاس آئندہ 16 تا 21 دسمبر کے دوران ناگپور میں ہوگا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ وہ وزیرِ اعلیٰ کے طور پر اپنے تیسرے دورِ حکومت میں دریاؤں کو جوڑنے کے منصوبوں اور سبز توانائی پر توجہ دیں گے۔ وزیرِ اعلیٰ کل دوردرشن کے سہیادری چینل کے ساتھ خصوصی انٹرویو میں بول رہے تھے۔ پھڑنویس نے اس یقین کا اظہار کیا کہ اس فیصلے سے زراعت اور صنعتی شعبوں کو فائدہ پہنچے گا اور ریاست کی معیشت کو فروغ ملے گا۔

انھوں نے بتایا کہ گذشتہ دور میں آبپاشی کے وزیر کے طور پر چار ندیوں کو جوڑنے کے منصوبے کو منظوری دی تھی۔ اس منصوبے کی تکمیل پر مہاراشٹر ہمیشہ کیلئے قحط سالی سے باہر نکل آئے گا۔ انھوں نے مزید بتایا کہ 54 ہزار میگاواٹ بجلی کی پیداوار کے مختلف پروجیکٹس پر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔ جس سے 2030 تک ریاست اپنی ضرورت کی 52 فیصد بجلی غیر روایتی طریقے یعنی گرین اینرجی کے طور پر پیدا کر سکے گا۔

***** ***** *****

بھارتیہ جنتا پارٹی کے سینئر لیڈر اور سابق وزیر مدھوکر راؤ پچڑ کا کل ناسک میں انتقال ہوگیا۔ وہ 84 برس کے تھے۔ صحت کی خرابی کے سبب وہ 15 اکتوبر سے ناسک کے ایک خانگی اسپتال میں زیرِ علاج تھے۔ ریاستی کابینہ میں مختلف عہدوں پر فائز رہنے والے پچڑ پانچ برس قبل کانگریس اور این سی پی کے بعد بی جے پی میں شامل ہوئے تھے۔ ان کی آخری رسومات آج شام اہلیا نگر ضلع کے راجور میں ادا کی جائیں گی۔ اپنے تعزیتی پیغام میں وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا کہ پچڑ کی موت سے ہم نے ایک ایسے شخص کو کھو دیا ہے جس نے قبائیلی برادری کیلئے دِن رات کام کیا۔

***** ***** *****

گورنر سی پی رادھا کرشنن نے کل ممبئی میں ''وِکٹری ڈے الٹرا میراتھان'' کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ میراتھان پاکستان' کے خلاف 1971 میں بھارت کو ملی فتح کی یاد میں منعقد کی گئی ہے۔ اس میراتھان میں حصہ لینے والے فوجی رنرز 16 دسمبر تک ممبئی' ناسک' اہلیا نگر' کولہاپور اور پونے میں 405 کلومیٹر کا فاصلہ طئے کریں گے۔ اس موقع پر گورنر نے کل ممبئی کے قلابہ میں شہداء کی یادگار پر گل دائرہ رکھ کر خراجِ عقیدت پیش کیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ملکی دستور کے معمار، بھارت رَتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے 68 ویں مہا پری نروان دِن یعنی برسی کے موقع پر ملک بھر سے انھیں خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔ گورنر سی پی رادھا کرشنن، وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے اور اجیت پوار نے ممبئی کے دادر میں چیتیہ بھومی پر بابا صاحب امبیڈکر کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ چیتیہ بھومی سمیت ناگپور کی دِکشا بھومی پر بھی بابا صاحب کو خراجِ عقیدت پیش کرنے والوں کی بھیڑ اُمڈ پڑی تھی۔

***** ***** *****

وہیں جالنہ شہر کے مست گڑھ میں بابا صاحب امبیڈکر کے مجسّمے پر خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے مختلف پارٹیوں اور تنظیموں کے اراکین اور عام شہریان کا کل صبح سے ہی ہجوم اُمڈ پڑا تھا۔ اسی طرح پربھنی میں کلکٹر دفتر کے روبرو ڈاکٹر امبیڈکر کے مجسّمے کے سامنے بھکو تنظیم کی جانب سے پنچ شیل جھنڈا لہرایا گیا۔ ہنگولی ضلع میں بھی مختلف مقامات پر جلسوں اور دیگر پروگراموں کے ذریعے بابا صاحب کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

وہیں دھاراشیو میں مہا پری نروان دن کے موقع پر راشٹریہ سیوم سیوک سنگھ سماجی سمرستا منچ کی جانب سے بابا صاحب کے مجسّمے کو سلامی دی گئی۔ اس مناسبت سے خون کے عطیے کیلئے کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ مراٹھواڑہ میں بیڑ، لاتور اور ناندیڑ کے ساتھ ساتھ ریاست کے بلڈانہ واشم اور دھولیہ میں بھی مختلف پروگرامز کے ذریعے بابا صاحب کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

آسٹریلیاء میں کھیلے جارہے بارڈر۔ گاوسکر کپ ٹیسٹ کرکٹ سیریز کے دوسرے میچ کی پہلی اننگ میں بھارت نے 180 رنز بنائے۔ کل صبح بھارتی ٹیم نے ٹاس جیت کر پہلے بلّے بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ تاہم بھارتی بلّے باز میزبان آسٹریلیائی ٹیم کے گیند بازوں کے سامنے ٹک نہ سکے۔ سلامی بلّے باز یشسوی جیسوال ایک، روہت شرما تین اور وراٹ کوہلی سات رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ کل جب کھیل روکا گیا تو آسٹریلیائی ٹیم پہلی اننگز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 86 رنز بنا چکی تھی۔

***** ***** *****

لاتور میں کل ضلع پریشد کے سی ای او انمول ساگر نے معذور طلبہ کے کھیلوں کے مقابلوں کا افتتاح کیا۔ ان مقابلوں میں ضلع کے 51 اسکولوں کے 600 کے قریب معذور طلبہ حصہ لے رہے ہیں۔ ضلع سماجی بہبود افسر سنتوش کمار نائیکواڑی نے بتایا کہ یہ مقابلے معذروں کی قسم اور عمر کے لحاظ سے 92 مختلف گروپس میں منعقد کیے جارہے ہیں۔ افتتاح سے قبل طلبہ نے پریڈ کی، جس کے بعد کھیلوں کی مشعل روشن کی گئی۔ اسی بیچ لاتور میں ضلع سطح کے یوتھ فیسٹیول کا کل ضلع سپلائی افسر پرینکا آئیرے نے افتتاح کیا۔ اس میلے میں نوجوانوں نے مختلف فن پاروں میں حصہ لیا۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ شمال مشرق کی آٹھ ریاستیں یعنی اَشٹ لکشمی کی علامت: وزیرِ اعظم نریندر مودی کا بیان۔

☆ T.B. یعنی تپ دِق کی بیماری کے خاتمے کیلئے ملک گیر مہم کا آج ہریانہ کے پنچ کُلا سے آغاز۔

☆ قانون ساز اسمبلی کے خصوصی اجلاس کا آج سے آغاز؛ کالی داس کولمبکر کی عبوری اسپیکر کے عہدے پر نامزدگی۔

☆ ندیوں کو جوڑنے والے پروجیکٹ اور گرین ایزجی پر خصوصی توجہ دینے کا وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا تیقن۔

اور۔۔۔ ☆ بھارت رَتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کے 68 ویں مہا پری نروان دِن یعنی برسی پر ملک بھر سے خراجِ عقیدت۔

***** ***** *****